وفیات

شیخ محمد اعجاز، شیخ واصف اعجاز اور شیخ آصف کو صدمہ

مؤرخہ 11 دسمبر شیخ محمد اعجاز (شیخ میڈیکل سٹور) کی ہمشیرہ محترمہ، شیخ واصف اعجاز کی پھوپھی اور شیخ آصف کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون مرحومہ کی نماز جنازہ مولانا قطب شاہ نے پڑھائی۔

چوہدری محمد سجاد، چوہدری ظفر اقبال و برادران کو صدمہ

مؤرخہ 15 جنوری بروز سوموار چوہدری محمد سجاد، چوہدری ظفر اقبال، چوہدری اظہر اقبال، چوہدری مظہر اقبال، چوہدری عابد اور چوہدری ذوالفقار کے والد چوہدری محمد اشرف جو کہ جامع مسجد علیاء اہل حدیث سول لائن کے مستقل نمازی تھے وفات پاگئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون مرحوم نماز کے پابند اور انتہائی متقی اور پرہیز گار تھے۔ یہاں تک کہ وفات سے قبل ظہر کی نماز پڑھنے مسجد گئے، وہیں پر دل کی تکلیف شروع ہوگئی پھر انہیں گھر پہنچا دیا گیا، کچھ دیر بعد وہ اللہ کو پیارے ہوگئے۔مرحوم کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

قاری عطاء اللہ ثاقب کو دوہرا صدمہ

مؤرخہ 17 جنوری بروز بدھ قاری عطاء اللہ ثاقب خطیب جامع مسجد اہل حدیث محلہ مستریاں کے تایا جان (سسر) جبکہ 26 جنوری بروز جمعہ قاری صاحب کی خالہ بھی وفات پاگئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون

سید ثناء اللہ شاہ اور سید افتخار شاہ (رانیوال سیداں گجرات) کو صدمہ

سید افتخار شاہ (سیمنٹ والے) کے بڑے بھائی اور سید ثناء اللہ شاہ کے تایازاد بھائی سید حسین شاہ وفات پاگئے۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون مرحوم کی نماز جنازہ میں علاقہ کی معروف سیاسی وسماجی شخصیات نے شرکت کی۔ ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

چوہدری طارق محمود (میانی چچیاں گجرات) کو صدمہ

چوہدری طارق محمود (عالم گڑھ چچیاں) کی والدہ محترمہ وفات پاگئیں۔انا للّٰہ و انا الیہ راجعون مرحومہ بڑی پاکباز اور نیک خاتون تھیں۔ان کی نماز جنازہ رئیس الجامعہ نے پڑھائی۔

ادارہ ''حرمین'' و جامعہ علوم اثریہ اور مرکزی جمعیت اہل حدیث جہلم مذکورہ بالا مرحومین کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔اللہ تعالیٰ مرحومین کی لغزشوں، کوتاہیوں اور گناہوں کو معاف فرمائے اور انہیں جنت الفردوس میں بلند مقام عطا فرمائے اور ورثاء کو صبر جمیل کی توفیق عطا فرمائے۔(آمین)